© rasailojaraid.com

(۳)

نام کتاب : فہمِ توحید

مؤلف : الشیخ عبداللہ بن احمد الحویل     مترجم: ابوعمرو حافظ طاہر اسلام عسکری

ضخامت: 176 صفحات   قیمت: درج نہیں

ناشر: دار الامۃ للنشر والتوزیع

بلاشبہ تمام انبیاء ورسل کی بعثت کا مقصد لوگوں کو شرک وظلم کے اندھیروں سے نکالنا اور لوگوں کا اللہ وحدہ لاشریک کے ساتھ عبد ومعبود کا تعلق ورشتہ قائم واستوار کرنا تھا۔ حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی حضرت محمد ﷺ پر اپنی آخری کتاب میں شرک کے ابطال اور توحید کے اثبات پر جس قدر زور دیا' کسی دوسرے معاملے میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ چونکہ یہ اللہ کی طرف سے آخری ہدایت نامہ ہے جو تا قیامِ قیامت آنے والے انسانوں کے لیے نور اور ہدایت کا اوّلین اور واحد سرچشمہ ہے' اس لیے اس کتابِ مبین میں شرک کی بھرپور مذمت کی گئی ہے تاکہ ہدایت کا متلاشی انسان کہیں شیطانِ لعین کے ہتھکنڈوں میں نہ پھنس جائے۔ اسی طرح توحید کے ہر ہر پہلو کی جس طرح توضیح اور تشریح کی گئی ہے وہ بھی اپنی مثال آپ ہے' کیونکہ اسی عقیدۂ توحید میں انسان کی دنیا و آخرت کی فلاح دکامیابی کا راز مضمر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جگہ جگہ شرک کی قباحت اور سنگینی کو واضح کیا ہے اور شرک کو ایک ناقابل معافی جرم قرار دیا ہے۔ جو شخص شرک سے توبہ کیے بغیر مرگیا' اللہ تعالیٰ اس کی بخشش نہ فرمائے گا۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

﴿اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾﴾ (النساء)

''اللہ بس شرک ہی کو معاف نہیں کرتا' اس کے ماسوا دوسرے جس قدر گناہ ہیں وہ جس کے لیے چاہتا ہے معاف کر دیتا ہے۔ اور جس نے شریک ٹھہرایا اللہ کا کسی کو اس نے بہتان باندھا اللہ پر (اور ارتکاب کیا) بہت بڑے گناہ کا۔''

ایک اور جگہ پر ارشاد فرمایا کہ مشرک پر جنت حرام ہے اور وہ دائمی جہنمی ہے:

﴿اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾﴾

''جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا اس پر اللہ نے جنت حرام کر دی اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے' اور ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔''

نبی اکرم ﷺ نے شرک کے متعلق فرمایا: